Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۷ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۳۵ع جلد ۲۴

احکام منسٹر صاحبان بہادر

۱	اعلان دربارہ جشن سلور جوبلی ہز امپیریل مجسٹی ملک معظم قیصر ہند خلد اللہ ملکہم	۲
۲	پروگرام جشن سلور جوبلی	۳ تا ۵
۳	حکم اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر	۵
۴	نقشہ عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

اعلان

انتہائی مسرت کا مقام ہے کہ بفضل ایزدی ہز امپیریل مجسٹی ملک معظم قیصر ہند خلد اللہ ملکہ کی شاندار حکومت کے پچیس ۲۵ سال پورے ہوئے۔ اس خوشی میں تمام برطانیہ قلمرو میں ۶ مئی سنہ ۱۹۳۵ء سے ۱۸ مئی سنہ ۱۹۳۵ء تک جشن منایا جائے گا۔

ایمائے ہمایوں ہے کہ ریاست رامپور میں بھی اس جشن کی خوشی اس طرح منائی جائے جو اس ریاست کے فرماں روا اور اوس کی رعایا کی تاریخی وفاداری اور تاج برطانیہ سے گہری عقیدت کے شایان شان ہو۔

ہز ہائینس کی گورنمنٹ متوقع ہے کہ اس مبارک موقع پر جملہ ملازمین و رعایا و غیر ملازمین اس خوشی میں خاص دلچسپی لیں گے۔ اور اس تقریب سعید کو انتہائی کامیاب بنانے میں کسی کوشش سے دریغ نہیں کریں گے۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈر بہادر
چیرمین سلور جوبلی کمیٹی رام پور

اقتباس روداد سلور جوبلی کمیٹی منعقدہ ۱۲ مارچ سنہ حال بمقام رنگ محل قلعہ معلی بصدارت آنریبل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر ہوم منسٹر

پریسیڈنٹ سلور جوبلی کمیٹی رامپور

مندرجہ ذیل تجاویز طے پائیں

۱۔ منظور شدہ پروگرام سلور جوبلی کے مصارف کا تخمینہ تیار کر کے صاحب چیرمین سلور جوبلی کمیٹی صاحب ریونیو منسٹر بہادر سے گفتگو فرمائیں گے جس کے بعد یہ تخمینہ سلور جوبلی کمیٹی کے اجلاس میں پیش ہوگا۔ تخمینہ مصارف کی تیاری کے لئے حسب ذیل سب کمیٹی مقرر کیجاتی ہے جس کا پہلا جلسہ رنگ محل میں بوقت تین بجے سہ پہر بتاریخ ۱۷ مارچ سنہ حال ہوگا۔

۱۔ صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر۔ چیرمین

ممبران:
۲۔ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
۳۔ صاحب فائنینس سکریٹری بہادر
۴۔ میجر اسد علی خاں صاحب۔
۵۔ ڈاکٹر احسان محمد خاں صاحب چیرمین میونسپلٹی۔
۶۔ منشی ممتاز علی خاں صاحب تحصیلدار

۲۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر اور صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے مشورہ سے تحصیلی سلور جوبلی سب کمیٹیاں قائم کیجاویں تاکہ اپنے اپنے حلقہ میں باستثناء کاشتکاران خوشحال طبقہ سے جو اشخاص بخوشی سلور جوبلی فنڈ کے لئے چندہ دینا چاہیں اسکی فراہمی اور سلور جوبلی کے جلوس کو شاندار بنانے کا انتظام کریں۔ سلور جوبلی کا جشن ۶ مئی سے ۱۰ مئی تک منایا جانا ہے مقامی حالات کے مطابق تحصیلی کمیٹیاں اپنے اپنے حلقہ میں جشن سلور جوبلی کا پروگرام مرتب کر کے چیرمین صاحب سلور جوبلی کی خدمت میں ارسال کریں۔ ریاست کی مجوزہ پروگرام کی ایک نقل تحصیلدار صاحبان کے پاس بھیجی جائے تاکہ تحصیلی کمیٹی اُن انتظامات کا جنکا تعلق اُن سے ہے تکمیل کا انتظام کریں۔ تحصیلی کمیٹی کے صدر تحصیلدار ہونگے۔ اور آفیشل اور نان آفیشل ممبران عموماً وہ ہونگے جنمیں زیادہ تر نان آفیشل ہوں گے۔ غیر مجاز اشخاص چندہ فراہم نہیں کرسکیں گے ملازمین سرکاری سے چندہ اونکی تنخواہ سے وضع کیا جانا زیر تجویز ہے۔ لہذا تحصیلی کمیٹیاں اونکے علاوہ چندہ جمع کرنے کی ذمہ دار ہونگی۔ جس قدر چندہ جس تحصیل سے جمع ہوگا وہ اوسی تحصیل کی کمیٹی متعلقہ کے مشورہ سے صرف کیا جائے گا۔ ہر چندہ دہندہ کو رسید باقاعدہ دیجائے گی اور اوسکا نام فہرست میں شائع ہوگا اور درج گزٹ ہوگا۔

ہر تحصیلی کمیٹی ۳۰ مارچ تک صاحب چیرمین سلور جوبلی کمیٹی کی خدمت میں رپورٹ کرے کہ اوسکے حلقہ میں چندہ وصول کرنے اور سلور جوبلی منانے کے متعلق کیا انتظام ہو رہا ہے۔

اور ڈل پبلسٹی افیسر کو ہدایت کیجائے کہ وہ ۳۰ مارچ تک تحصیلات میں دورہ کر کے سلور جوبلی کے انتظامات

کی کمیٹی میں تحصیلدار صاحبان اور کپتان کی امداد کریگا

۲۔ شہر میں غیر ملازمین سرکار سے چندہ جمع کرنے کے لئے مفصلہ ذیل ممبران کی کمیٹی مقرر کیجاوے جو مختلف حلقہ میں وہاں کے میونسپل ممبران اور دیگر عمائدین اور معززین شہر کو اپنا شریک کرے یہ کمیٹی مجاز ہوگی۔ کہ اپنے ساتھ دیگر ممبران میونسپل بورڈ و دیگر معززین شہر کو شامل کرے۔ اور مخصوص اشخاص کو چندہ جمع کرنے کی اجازت دے۔

۱۔ صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر پریسیڈنٹ

ممبران:

۲۔ چیرمین صاحب میونسپل بورڈ

۳۔ محمد صولت علی خان صاحب

۴۔ سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی

۵۔ منشی ہردیو پرشاد صاحب

۶۔ حکیم شکیل احمد صاحب

۷۔ ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب۔

۳۔ ۶ مئی سنہ حال کو شہر میں روشنی ہوگی اور آرائش ہوگی۔ جھنڈیاں لگائی جائینگی۔ اور دروازے تیار ہوں گے۔ جنپر نوبت بجائی جائیگی۔ یہ کام شہر کی کمیٹی سے متعلق ہوگا جس کے حسب ذیل ممبر ہوں گے

چیرمین: ۱۔ ڈاکٹر احسان محمد خاں صاحب چیرمین میونسپلٹی۔

ممبران:

۲۔ صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس

۳۔ صاحب ایگزیکٹو آفیسر میونسپلٹی۔

۴۔ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل

۵۔ ممبر صاحبان میونسپل بورڈ (اپنے اپنے حلقہ میں)

۵۔ منسٹر صاحبان بہادر متعلقہ کیجئے تصدیعہ دیا جائے کہ اپنی اپنی ماتحت عمارات سرکاری کی جو شہر میں واقع ہیں ۶ مئی کو روشنی کا انتظام فرمادیں اور اسکے تخمینے مرتب کرکر چیرمین سلور جوبلی کمیٹی کے پاس جلد سے جلد بھجوادیں۔

۶۔ فوجی پریڈ۔ بتاریخ ۶ مئی آٹھ بجے صبح پریڈ گراؤنڈ پر ہوگی اور صاحب آرمی منسٹر بہادر انتظام فرمائینگے۔

۷۔ ۶ مئی کو غربار کا کھانا ہوگا جسکا انتظام حسب ذیل صاحبان فرمائینگے۔

(۱) سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی۔

(۲) خانساماں ابوالحسن صاحب

(۳) منشی ہرنام سنگھ صاحب

(۴) منشی عبدالوحید خانصاحب ممبر میونسپل بورڈ۔

(۵) منشی ہردیو پرشاد صاحب۔

۸۔ ۵ مئی کو شاستر اور سبھاؤں میں دعا ہوگی جسکا اعلان اور اہتمام منشی ہردیو پرشاد صاحب سے متعلق رہیگا۔

۹۔ ۶ مئی کو ترتیب مشاعرہ کیواسطے ایک کمیٹی مقرر کیجاوے جو صاحبان ذیل پر مشتمل ہو۔

پریسیڈنٹ: (۱) صاحب چیف جسٹس بہادر

ممبران:

(۲) صاحب ہوم منسٹر بہادر۔

(۳) محمد صولت علیخانصاحب

(۴) منشی حیات علیخانصاحب عاشی

۱۰۔ ۱۰ مئی کو بعد نماز جمعہ مساجد میں دعا ہوگی جسکا اہتمام صاحبان ذیل کے متعلق ہوگا۔

(۱) جناب قاضی صاحب شہر

(۲) جناب مولوی فضل حق صاحب

(۳) جناب مولوی سید محمد داؤد صاحب۔

(۴) جناب مولوی خلیل اللہ خانصاحب

(۵) جناب امام صاحب مسجد جامع

۱۱-۱۱ مئی کو بچوں کا میلہ ہوگا جسکا انتظام حسب ذیل کمیٹی کرے گی مفصل رپورٹ جلد سے جلد چیرمین صاحب سلور جوبلی کمیٹی کے پاس بھیجے گی۔

(۱) صاحب ہوم منسٹر بہادر — چیرمین

(۲) انسپکٹر صاحب مدارس
(۳) انسپکٹر صاحب مڈل اسکول
(۴) ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول
(۵) اسکاؤٹ ماسٹر صاحب

— ممبران

۱۲-۱۲ مئی کو بیبی ڈے ہوگا۔ اسکا انتظام میٹرنٹی سنٹر میں ہوگا اور صاحبان ذیل اسکے منتظم ہونگے۔

(۱) صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر
(۲) انچارج میٹرنٹی سنٹر
(۳) مسز جانسٹن صاحبہ لیڈی ڈاکٹر
(۴) ہیلتھ افیسر صاحب
(۵) منشی عبد الوحید خانصاحب۔

نوٹ۔ مٹینگ جسکی کارروائی ہذا ۱۰ مارچ کو منعقد ہوئی۔ مصارف کے متعلق تجاویز ہوئیں مگر چونکہ ممبران کی تعداد کسیقدر کم تھی بعض امور تصفیہ طلب باقی رہے۔ جنکا آئندہ میٹنگ میں طے ہونا قرار پایا۔

حکم ہوا کہ

روئداد ہذا اسی ہفتہ کے گزٹ میں شائع کیا جاوے۔ تاکہ جملہ صاحبان متعلقہ اپنا اپنا کام ان تجاویز کے متعلق جلد سے جلد شروع کردیں علیحدہ علیحدہ تحریرات بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ جو امور دریافت طلب ہوں بذریعہ تحریر یا زبانی دفتر ہذا سے دریافت فرمالیں۔ بقیہ امور متعلق پروگرام کی بابت آئندہ میٹنگ میں تجویز کر وقتاً فوقتاً درج گزٹ کیا جاوے۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر۔
وچیرمین سلور جوبلی کمیٹی رامپور۔

حکم اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر برخاستگی

واقع ۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء

حسب تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر۔ ایل اشفن نرس رخصت میٹرنٹی سنٹر تنخواہ دار پچاس روپیہ ماہوار کا نام بوجہ خرابی کام و شکایت مریضان ۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء سے خارج کیا جاتا ہے۔ صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر دوسری نرس کا انتظام فرمادیں۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

باجلاس جناب چیف جسٹس صاحب بہادر

فہرست پیشی مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ من ابتدائے ۱۵ مارچ لغایت ۲۱ مارچ سنہ حال منسلکہ ہذا بغرض طبع مطبع گورنمنٹ کی مرسل ہو اور لکھا جائے کہ ۲۲ مارچ سنہ حال کو جو گزٹ طبع کیا جائے اوس میں فہرست مذکورہ کو شائع کیا جائے ۔ بوجہ تعطیلات من ابتدائے ۱۵ مارچ لغایت ۲۱ مارچ سنہ حال کوئی مقدمہ پیش نہیں ہوا ہے ۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

نتیجہ	نوعیت مقدمہ	نام فریقین	نام اجلاس	دن	تاریخ
تعطیل جمعہ و یوم مبارک حج				جمعہ	۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء
تعطیل عید الضحیٰ				شنبہ	۱۶ مارچ ۱۹۳۵ء
تعطیل عید الضحیٰ				یکشنبہ	۱۷ مارچ ۱۹۳۵ء
تعطیل عید الضحیٰ				دوشنبہ	۱۸ مارچ ۱۹۳۵ء
تعطیل				سہ شنبہ	۱۹ مارچ ۱۹۳۵ء
تعطیل ہولی				چہارشنبہ	۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء
تعطیل ہولی				پنجشنبہ	۲۱ مارچ ۱۹۳۵ء

حکم اجلاس جناب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

باریابی

مختتمہ
(واقع ۲۲ مارچ)

۱۹ مارچ یوم سہ شنبہ:- بوقت آٹھ بجے شب بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہ نے منشی محمد اسماعیل علی صاحب آنریری مجسٹریٹ رامپور کو اُن کے مکان پر طعام شب تناول فرما کر معزز فرمایا۔

۲۱ مارچ یوم پنجشنبہ:- منشی امجد علیخاں صاحب سول جج کو بارگاہ عالی میں شرف باریابی حاصل ہوا۔

حکم ہوا کہ

برائے اندراج گزٹ بخدمت صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر مرسل ہو۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور - بابت ہفتہ سوئم ماہ مارچ ۱۹۳۵ء

نام جنس	تحصیل ملک تعداد نرخ فی روپیہ	تحصیل ٹانڈہ تعداد نرخ فی روپیہ					کیفیت
گندم	۱۱ ار	۱۳ ار					دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخ نامہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۴ ار	۱۵ ار					
نخود کسہ آمیز	۱۵ ار	۱۶ ار					
کسہ	۱۵ ار	۱۷ ار					
ماش	۸ ار	۸ ار					
مونگ	۰	۹ ار					
مکا	۱۶ ار	۱۵ ار					
جئی	۰	۲۰ ار					
گوجئی	۰	۱۹ ار					
عدس	۰	۱۲ ار					
ارہر	۰	۱۴ ار					
برنج انجنہ	۹ ار	۱۰ ار					
روغن زرد	۱۳ چھٹانک	۱۲ چھٹانک					
روغن سیاہ	۳ ار	۳ ار					
روغن کنجد	۱۰ ار	۱۰ ار					
نمک سانبھر	۹ ار	۹ ار					
نمک لاہوری	۷ ار	۸ ار					
قند سیاہ	۷ ار	۹ ار					
جوار ۔۔۔۔ باجرہ ۔۔۔۔	۱۵ ار ۰	۰					

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)